نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی بہتر نگہداشت کے لئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور 27 ستمبر 2023:( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کی فصل اہم مرحلہ میں داخل ہے۔کاشتکار کپاس کی فصل پر سپرے،آبپاشی اور دوسرے امور کا کام محکمہ زراعت کی ہدایات کے مطابق موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے سرانجام دیں۔بارش کی صورت میں اگر زائد پانی کھیت میں کھڑا ہو جائے تو اس کی نکاسی کا بندوبست کریں۔اس مقصد کے لئے کھیت کے ایک طرف لمبے رُخ گہری کھائی کھود کر پانی جمع کرلیں۔جہاں فصل میں پانی کھڑا رہنے کی وجہ سے کمزور حالت میں ہو تو فصل کی بڑھوتری کرنے والا کیمیکل سپرے کرلیں۔آبپاشی فصل کے معائنہ کے بعد کریں اور اس کے لئے واٹر سکاؤٹنگ کے طریقہ کار کا انتخاب کریں یعنی پتوں کا رنگ نیلگوں ہو،اوپر والی شاخوں کی گانٹھوں کی درمیانی لمبائی میں کمی،سفید پھول کا چوٹی پر آنا،تنے کے اوپر والے حصے کا سرخ ہونا اور چوٹی کے پتوں کا کھردرا ہونا شامل ہو۔کاشتکار ہفتہ میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ ضرور کریں اور جہاں ضرررساں کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔کاشتکار سفید مکھی کے کنٹرول کے لئے سپرے طلوع آفتاب سے پہلے یا زیادہ سے زایدہ ایک گھنٹہ بعد میں کریں اور ایک ہی قسم کی زہروں کا بار بار سپرے نہ کریں اور سپرے کیلئے 100 تا 120 لٹر صاف پانی استعمال کریں۔کیڑوں کے موثر تدارک کے لئے سپرے مشین کی درست کیلی بریشن اور پریشر،ہالو کون نوزل کا درست انتخاب اور زہر کی صحیح مقدار کا موجود ہونا ضروری ہے۔کاشتکار کپاس کی فصل کی چنائی صبح 10 بجے شروع کریں جس وقت شبنم ٹینڈوں سے خشک ہو جائے تا کہ کپاس بدرنگ نہ ہو اور نمی کی وجہ سے جیننگ میں بھی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے جبکہ چنائی شام 4 بجے بند کر دینی چاہیے۔چنائی ہمیشہ پودے کے نچلے حصے سے مکمل کھلے ہوئے ٹینڈوں سے شروع کریں۔چنی ہوئی کپاس میں نمی،کچے ٹینڈے،کھوکھڑی،رسیاں یا بال وغیرہ موجود نہیں ہونے چاہیں۔کپاس کی چنائی کے بعد اسے ایک دھوپ ضرور لگوالیں تا کہ نمی کو مناسب سطح پر لایا جا سکے۔یاد رہے،کپاس کی چنائی میں صفائی کا معیار جتنا زیادہ ہوگا،کاشتکاروں کو اُتنا ہی زیادہ معاوضہ ملے گا۔

☆☆☆☆